



بائبل مقدس خدا کی کہانیوں کا مجموعہ۔ یہ خدا کی کہانی ہے۔
ابتدامیں! اس سے پہلے کہ زمانے تخلیق . پاتے خدا تھا۔
یہ وہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو بنایا یہ زمین جس پر ہم آج زندگی بسر کررہے ہیں ۔
اور خدا نے کہا روشنی ہو اور روشنی ہوگئی۔
خدانے روشنی کو تاریکی سے جداکیا اور صبح ہوئی اور شام پہلا دن
خدا نےفضا کو بنایا اور زمین کے نیچے کے" پانی کو اوپر کے پانی سے جدا کیا اورفضا کو تو آسمان کہا ۔
یہ تخلیق کا دوسرا دن تھا ۔


اور خدانے کہا کہ آسمان
کے نیچے کا پانی ایک جگہ
جمع ہوکہ خشکی نظرآئے ۔
اور خدا نے خشکی کو زمین کہا اور جو پانی جمع ہو"
گیاتھا اس کو سمندر ۔
اور خدا نے کہا کہ زمین گھاس اور بیج
داربوٹیوں کو اور پھل دار درختوں کوجو اپنی
اپنی جنس کے موافق ہیں پھلیں اور جو زمین
پر اپنے آپ ہی میں بیج رکھیں اگائے اور ایسا
ہی ہوا ۔
سو یہ تیسرا دن ہوا ۔


اور چوتھے دن خدا نے کہا فلک پر نیر ہوں
کہ دن کو رات سے الگ کریں اور وہ فلک پر
انوار کے لئے ہوں کہ زمین پر۔ روشنی ڈالیں
اور ایسا ہی ہوا ۔
یوں چوتھےدن خدا نے
کائنات کی تخلیق میں سورج
چاند اورستاروں کو خلق کیا ۔


پانچویں دن خدا نے کہا پانی
جان داروں کوکثرت سے پیدا
کرےاور پرندے زمین کے
اوپر فضا میں اڑیں ۔
خدا نے دریائی جانوروں کو اور ہر
قسم کے پرندوں کو ان کی جنس کے
موافق پیدا کیا اور ہر قسم کے پرندوں
کو ان کی جنس کے موافق پیدا کیا ۔
اور خدا نے ان کو یہ کہہ کر برکت
دی کہ پھلو اور بڑھو اور ان سمندروں
کے پانی کوبھر دو اور پرندے زمین
پر بہت بڑھ جائیں ۔


اور چھٹے دن خدا نے کہازمیں جاندارو ں"
کو ان کی جنس کے موافق چوپائےاور
رینگنے والے
جاندار اور جنگلی جانور اون کی جنس کے
موافق پیدا کرے۔
اس طرح خدا نے چھٹے
دن زمین کے تمام جاندار
بنائے تخلیق کئے۔



اسی دن خدا نے زمیں
کی مٹی سے ایک اور
تخلیق بنائی
خدا نے اس تخلیق
میں اپنا دم پھُونکااور
وہ جیتی جان ہوا۔
خدا نے اس نئی مخلوق کو آدم
کہا اور اسے نام دیا آدم۔
خدا نے سب پر جو اس نے بنایا تھا نظر کی اور دیکھا کہ
بہت اچھا ہے ۔
خدا نےآدم کو لے کر باغِ عدن میں رکھا۔
خدا نے آدم کو باغ
کی باغبانی اور
نگہبانی کا کام دیا۔


اور باغ کے وسط میں خدا
نے زندگی کا درخت لگایا
اور اس نے ایک اور درخت
لگایا جو نیک وبد کی پہچان
کا درخت تھا ۔
خدا نے آدم سے کہا...
کہ تو باغ کے ہر درخت
کا پھل بے روک ٹوک
کھا سکتا ہے لیکن اس
نے ایک تنبیہ بھی کی۔
تو نیک وبد کی پہچان کے درخت کا کبھی
نہ کھانا کیونکہ جس روزتو نے اس میں
سے کھایا تو مرا ۔


خدا کل دشتی جانور اور ہوا کے کل
پرندے آدم کے پاس لایا کہ دیکھے کہ وہ
ان کے کیا نام رکھتا ہے ۔


پہلا آدم خدا کی گہری رفاقت
سے محظوظ ہوتاتھا ۔
لیکن خدا جانتا تھا
کہ آدم کا اکیلا رہنا
اچھا نہیں۔
خدا نے آدم پر گہری نیند بھیجی اور
جب وہ سو رہا تھا خدا نے اسکی
پسلیوں میں سے ایک کو نکالا۔


اور اس کی پسلی میں سے جو آدم
سے نکالی تھی پہلی عورت کوبنایا ۔
خدااسے آدم کے پاس لایا۔
آدم نے اپنی پیاری بیوی کا نام حوا رکھا
کیونکہ وہ سب زندوں کی ماں ہے ۔
وہ باغ میں اکھٹے تھے اور بہت بہت خوش تھے ۔



لیکن وہاں ایک اور بھی تھا جو انہیں خدا کی حضوری سے دور رکھنا چاہتا تھا ۔
وہ لوسیفر تھا شیطان ایک فرشتہ جس نے خدا کے خلاف بغاوت کی ، اور اسے فردوس سے نکالا گیا ۔
وہ آدم اور حوا کے پاس باغ میں آیا اور اسنے سانپ کی شکل اختیار کی ۔
کیا خدا نے سچ مچ یہ کہا کہ تم با غ کے کسی درخت کا پھل نہ کھانا۔
باغ کے درختوں کا پھل تو ہم کھاتے ہیں پر جو درخت باغ کے بیچ میں ہے اس کے پھل کی بابت خدا نے کہا ۔
کہ تم نہ تو اسے کھانا اور نہ چھونا ورنہ مر جاوگے۔
تم ہر گز نہ مرو گےبلکہ خدا جانتا ہے کہ جس دن تم اسے کھاوگے تم خدا کی مانند نیک وبد کے جاننے والے بن جاوگے ۔
دونوں نے یعنی آدم... اور حوا نے منع کئے گئے پھل میں کھایا اور نتیجہ


نافرمانی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیاتب دونوں کی آنکھیں کھل گیئں اور ان کو معلوم ہوا کہ وہ ننگے ہیں اور وہ ڈر گئے ۔
گناہ دنیا میں آچکا تھا خدا نے قربانی کا انتظام کیا جبکہ
اس نے ان کےلئے چمڑے کے کپڑے بنائے اور انسان کے گناہ کو ڈھانپا ۔ اس نے آدم اور حوا کو باغ سے نکال دیا۔
لیکن اس نے وعدہ کیا کہ مستبقل میں نجات دہندہ آئے گا اور وہ شیطان کو تباہ وبرباد کر دے گا۔
شیطان اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ہوگی۔
وہ تیرے سر کو کچلے گا اورر تو اسکی ایڑھی کی تاک میں رہے گا ۔
انسان دوبارہ باغ میں داخل نہ ہوسکے اسلے خدا نے کروبی مقرر کئے وہ زندگی کے درخت کی راہ کی حفاظت کریں ۔



آبادی بڑھنے لگی اور زمین
دہشت سے بھر گئی خدا انسان
کے گناہ اور بغاوت سے رنجیدہ
ہوا ۔
اس نے فیصلہ کیا کہ وہ تمام دنیا کو ختم کردے
اور انسان کوبھی ایک بڑے طوفان کے ذریعے
سے انسان جسے اس نے پیدا کیا ا۔
لیکن ایک شخص نوح خدا کی نظر میں راستباز
ٹھہرا خدا نے نوح سے کہا کہ ایک بڑی کشتی بنا ۔
خدا نے نوح سے کہا کہ وہ تمام جانداروں
کے جوڑے جوڑے کشتی میں لائے ۔
خداایک بڑاسیلاب زمین پر لایا اور جو کشتی سے.
باہر تھے انسان اور جانور سب تباہ ہوگئے ۔ ۔
خدا نے جانوروں کے جوڑے
اور نوح اور اسکے خاندان کو
بچایا ۔
خدا نے نوح اور اسکے خاندان
سے کہا پھلو اور بڑھو اور زمین
کو معمور کرو۔
اس خاندان سے زمیں کی
سب قومیں تشکیل ہوئیں۔
دوبارہ خدا کے حکم
کی نافرمانی ہوئی۔



خدا نے کہا کہ پھلوا ور بڑھو لیکن انسان نے خدا کے حکم کی نافرمانی کی۔
بجائے اس کے کہ وہ زمین پر پھیل جاتے اور خدا کا حکم پورا کرتے وہ بابل کا برج بنانے میں مشغول ہوگئے ۔
وہ ایک بڑا برج بنانے میں مشغول ہوئے انہون نے خدا کے حکم کو نہ مانا۔
ہمیں کسی اور خدا کو اپنے اوپر حکومت نہیں کرنے دینی ہم ایک بڑا شہر اور برج بنا سکتے ہیں ۔
ان کا ایک قائد تھا جس نے انہیں بغاوت پر ابھارا ۔
لیکن خدا اترا اور اس نے انکی بولی میں اختلاف ڈال دیا۔
ایک زبان یا بولی کی جگہ اب بہت سی زبانیں اور بولیاں تھیں اور وہ لوگ جن کی ایک بولی تھی وہ زمین پر اکھٹے سفر کرنے لگے ۔


خدا نے انسان کی نجات کے منصوبے کا آغا ز اپنے... بندے ابراہام کے انتخاب سے کیا جس کا اس نے وعدہ کیا تھا ۔
۔”میں تجھے ایک بڑی قوم بناونگا
خدا نے وعدہ کیا کہ تیری اولاد کو آسمان کے ستاروں کی مانند بڑھاونگا ۔
اور اسکی اولاد میں سے ایک دنیا کی نجات کے لئے قربان ہوگا ۔
جب ابراہیم 100 سال کا تھا ،تو جس بیٹے کا خدا نے وعدہ کیا تھا پیدا ہوا۔
لیکن خدا نے ابراہیم کی آزمائش کی۔
۔”اپنے بیٹے کو سوختنی قربانی کے لئے چڑھا
ابراہیم نے خدا کی فرمانبرداری کی اسکا ایمان تھاکہ خدا اسے زندہ کرے گا۔
عین اس وقت جب ابراہام اپنے بیٹے کو قربان کرنے کو تھا
۔”ابراہام اس سے نہ کچھ کر
ابراہام نے نگاہ کی اور اپنے پیچھے ایک مینڈھا دیکھ جس کے سینگ جھاڑی میں اٹکے تھے جسے سوختنی قربانی کے لئے چڑھایا جاسکتا تھا ۔
اب میں جان گیا کہ تو خدا سے ڈرتا ہے ۔اس لئے کہ تو نے اپنے بیٹے کو مجھ سے دریغ نہ کیا۔
ابرہام اور اُسکے بیٹے نے جو خُدا نے مُہیا کیا اسکی قربانی کی ۔



ابراہام کی اولاد بہت بڑھ گئی جیسا خدا نے وعدہ کیا تھا ۔
پورا خاندان مصرکی جانب ہجرت کر گیا اور بڑھتا گیا ۔
بعد ازاں جب وہ مصر میں تھےتو ان کے ساتھ برا سلوک ہوا حاکمِ مصر نے ان پر جبر کیا۔
لیکن درست وقت پر خدا موسیٰ کو لایاجس نے قوم کی قیادت کی اور انہیں مصر سے نکال لیا۔
خدا نے انہیں بہت سے معجزات دکھائےتاکہ انہیں بتائے کہ وہی انہیں نجات دلائے گا اور وعدے کی سرزمین میں لائے گا جس کا اس نےوعدہ کیا ہے ۔
HAVE NO OTHER GODS BEFORE ME.
DO NOT MAKE FOR THYSELF IDOLS.
DO NOT TAKE THE NAME OF GOD IN VAIN.
KEEP THE SABBATH DAY HOLY.
HONOR THY FATHER AND MOTHER.
DO NOT MURDER.
DO NOT COMMIT ADULTERY.
DO NOT STEAL.
DO NOT BEAR FALSE WITNESS AGAINST YOUR NEIGHBOR.
DO NOT COVET THAT WHICH IS YOUR NEIGHBOR'S.
خدا نے انہیں شریعت دی خدا نے انہیں دس احکامات دیے ۔دوسرے حکموں کے ساتھ کسطرح خدا اور لوگوں سےپیار کرتاہے۔
اس نے انہیں ستائش اور قربانی کا صحیح راستہ دکھایا تاکہ اپنے گناہ کو یاد رکھیں۔


خدا لوگوں کو اس سرزمین میں واپس لایا
جس کا اس نے ابراہام سے وعدہ کیا تھا۔
لیکن اس کے باوجود کہ خدا ان کے
درمیان معجزات کر رہا تھا بار بار
معجزہ کے باوجود وہ اس کی شریعت
پر عمل پیرا نہ ہوئے ۔


وہ جھوٹے خداوں کی پرستش کرتے اور گناہ کی جانب
مائل تھے ۔
وہ ایک لمبے عرصے تک ایسا ہی.
کرتے رہے ۔
بہت سے لوگوں نے خدا کی
شریعت پر عمل کرنے سے انکار
کر دیا شریعت جو خدا نے موسیٰ
کو دی تھی



کچھ ایسے بھی تھے جو خدا سے محبت... رکھتے تھے اس کے حکموں پر عمل کرتے رہے اوروہ بڑے بڑے کام کرتے رہے -
یہاں تک کے دیوہیکل سورماوں کو مارا....
جبکہ کچھ بادشاہوں نے دیوی دیوتاوں کی پرستش کی اور لوگوں کو بھی ابھارا۔
لیکن چونکہ خدا اپنے لوگوں سے پیار کرتا تھا اس لئے اس نے ان کے درمیان نبی بھیجے -
وہ خدا کی طرف سے بھیجے گئے تاکہ لوگوں کو خداکی راہ کی تعلیم دیں۔


خدا نے جن لوگوں کو بھیج کر اپنا آپ ظاہر کیا لوگوں نے ان نبیوں کو قبول نہ کیا ۔جبکہ خدا بار بار نبی بھیجتا رہا۔
پھر خدا نے ان پر بادشاہ اور فوجیں بھیجیں تاکہ ان کے شہر تباہ کریں یہاں تک کہ ہیکل بھی جہاں وہ خدا کی عبادت کرتے تھے۔
70 سال تک خدا کے لوگ غلام رہے انہوں نے خدا کی حکم عدولی کی سزا پائی۔
لیکن جیسا خدا نے ان سے وعدہ کیا تھا وہ 70سا ل بعد انہیں واپس لایا ۔
اس دوران وہ ان کے درمیان نبیوں اور استادوں کو لاتا رہا تاکہ انہیں سکھائے۔



پھر 400سال کی خاموشی اور خدا.
نے اس دوران نبیوں کو نہ بھیجا
ان 400 سالوں کے دوران سکندرِ اعظم کی
تہذیب نے طاقت پکڑی اور مشرق وسطی تک
حکومت کی جہاں خدا کے لوگ رہتےتھے ۔
پھر رومیوں کی حکومت آئی انہوں نے یونانیوں
پر حکومت کی پھر اسرائیل اور دوسرے ملکوں
پر بھی۔
...لیکن یہ تاریخ کا بہترین وقت تھا ۔
خدا نے مکمل قربانی دنیا ...
میں بھیجی
یہ قربانی وہ نہیں تھی جو لوگ بکروں بیلوں
کی چڑھایا کرتے تھے۔ اور یوں گناہوں کا
کفارہ دیتے ۔
بلکہ یہ قربانی خدا کے حضور
سوختنی قربانی تھی جو سب
گناہوں کو اٹھا لے جاتی ۔
خدا اپنے لوگوں کو نہیں بھُلاتا۔



ابتدا سے ہی آدم اور حوا کی تخلیق سے ہی انسان گناہ آلودہ ہو گیا۔
اسلئے خداچاہتا تھا کہ بےعیب قربانی دنیا میں لائے ۔
اس لئے ضروری تھا کہ نسل انسا نی گناہ سے پاک ہو۔
اسلئے خدا بے عیب قربانی دنیا میں لایا۔
اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے خدا نے ایک خاص عورت کا انتخاب کیا جو مرد کو نہیں جانتی تھی تاکہ آنے والا بچہ گناہگارمرد سے پیدا نہ ہو۔
خدا کا پاک روح اس عورت پر نازل ہوامریم پر نازل ہوا اور وہ حاملہ ہوئی۔
دیکھ میں خداوند کی بندی ہوں میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔
اس بچے کی پیدائش کی خبر فرشتوں نے دی۔
آسمان پر خدا کی تمجید ہو اور زمین پر ان آدمیوں سے جن سے وہ راضی ہے صلح۔
اس کا نام یسوع رکھنا وہ خدا کا بیٹا ہے۔


وہ ایک خاص بچہ تھا یہاں تک کہ جب وہ لڑکا ہی تھا وہ مذہبی راہنماوں کو سکھا رہا تھا۔
اورخدا کے مخصوص وقت پر اس نے بپتسمہ لیا اور خدا کے منصوبے کو مکمل کرنے کا آغاز کیا اور دکھایا کہ خدا کیسا ہے ۔ اور اس نے تما م دنیا کے گناہوں کا کفارہ دیا ۔
شیطان دوبارہ ظاہر ہوا ،بالکل ویسے ہی جیسے وہ آدم اور حوا کو بہکانے آیا تھا کہ گناہ کرہ اور خداکی بجائے میرے راستوں پر چلو ۔
میں دُنیا کی ساری سلطنت اور ساری شان وشوکت بھی تجھے دونگا ۔اگر تو جھک کر میری پرستش کرے۔
تو خداوند اپنے خدا کی پرستش کر اور اُسی کی خدمت کر ۔
یسوع مسیح نے مردوں ، عورتوں ،لڑکو ں اورلڑکیوں کو سکھانا شروع کیا کہ خدا کیسی زندگی چاہتا ہے کہ ہم بسر کریں۔
مبارک ہیں وہ جو رحم کرتے ہیں کیونکہ ان پر رحم کیا جائے گا ۔
مبارک ہیں وہ جو پاک دل ہیں کیونکہ وہ خداوند کو دیکھیں گے ۔
مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں کیونکہ خداا کے بیٹے کہلائیں گے ۔


جب یسوع مسیح زمین پر تھے تو انہوں نے سکھایا کہ کس طرح خدا کی پیروی کرنی ہے اور دوسروں سے محبت رکھنی ہے ۔
جو کچھ تم نےان چھوٹوں میں سے کسی ایک کے ساتھ کیا میرے ساتھ کیا ۔
اگر تم نے مجھے دیکھا تو تم نے خدا کو دیکھا ہے ۔
اس نے دکھایا کہ خدا کیسا ہے:
اس نے لوگوں کو سیر کیا۔
اس نے شفا دی۔
وہ پانی پر چلتا تھا۔
GASP!!
یہ لڑکا جیتا ہے...
یہاں تک کہ اس نے مردوں کو زندہ کیا۔
صرف خدا ہی ایسا!! معجزہ دیکھا سکتا ہے


وہ بچوں سے پیار کرتا اور انہیں برکت دیتا۔
وہ لوگوں کو فردوس کے بارے میں بتاتا۔
وہ جہنم کے بارے آگاہ کرتا۔
براہِ مہربانی لعزر کھوبھیج! کہ اُنگلی کا سرا پانی میں بھگو کر میری زبان تر کرے
لعزرکو میرے بھائیوں کے پاس بھیج۔۔
تاکہ وہ انہیں اس جگہ.... کی ہیبت کےبارے میں بتائے
وہ بد گرفتہ کو. آزاد کرتا
اس نے ہر طرح سےثابت کیا کہ وہ خدا ہے.



یسوع مسیح نےکہا کہ وہ خدا ہے تو مذہبی راہنما طیش میں آگئے ۔
یسوع مسیح کو آزمایا گیا اور اس پر الزام لگایا گیا۔
وہ مارا گیا اور صلیب پر کیلوں سے جڑا گیا۔
جہاں وہ مر گیا۔
اے باپ میں اپنی رُوح تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں۔
شیطان، مذہبی راہنما اور رومیوں نے اسے مار ڈالا۔
انہوں نے سوچا ہوگا کہ اس طرح وہ خُداکے پیغام اور مقصد کو روک لیں گے۔
لیکن وہ غلط تھے...
انہوں نے اس سب کی تکمیل کی جو خدا کا اِبتدا سے منصُوبہ تھا ۔باغ عدن میں
انسان کا خدا سے دوبارہ ملاپ یہ گناہ کےکفارہ کے باعث ہی ممکن تھا۔
یسوع خدا کا بیٹاہی کامل ، بے عیب قربانی تھا۔
اس نے مردوں میں سے زندہ ہوکر یہ ثابت کر دِکھایا۔


یسوع مردوں میں زندہ ہوکر اپنے شاگردوں کو دکھائی دیا۔
اس نے انہیں بتایا کہ دوسروں اس کی راہ کی تعلیم دیں، اس کے مرنے اور جی اٹھنے کے گواہ ہوں
جاو اور ان کو شاگرد بناو انہیں باپ بیٹے اور روح القدس کے نام میں بپتسمہ دواور انہیں سکھاو جس کا میں نے تم کوحکم دیا ہے۔
اور میں دنیا کے آخر تک تمہارے ساتھ ہوں۔
اور جو کوئی اس پر ایمان لاتا ہے نجات پائے گا۔
میں یسوع پر! ایمان لاتا ہوں
یسوع!
میں بھی
یسوع مسیح کے زمیں سے آسمان پر جانے کے بعد اس کے شاگردوں نے وہی کیا جو اس نے کہا تھا اور بہت سے ان پر ایمان لائے۔
یسوع نے کہا کہ وہ زمین پر واپس آئے گاان سب کے لئے جو اسکی پیروی کرتے اور اس سے پیار کرتے ہیں۔
جب وہ دوبارہ آے گا تو فردوس کو پھر سے بحال کرے گا۔
لوگ ،جاندار اور وہ سب جن سے ہم پیار کرتے ہیں وہاں ہوں گے۔
نیا آسمان اور نئی زمین ہوگی۔
سبھی جوان ،بوڑھے جو یسوع کے – پیروکار وہاں ہوں گے ہمیشہ کے لئے
کیا آپ بھی؟




## میں کس طرح یسوع کی پیروی کر کے خُدا کو جان سکتا ہوں۔

**:یہ قدم اٹھا ئیں**

1. یسوع مسیح سے ان غلط کاموں کی معافی مانگیں جو آپ سے ہوئے ہیں اور اسے آگاہ کریں کہ اب آپ ان سے باز رہیں گے ۔
2. یسوع مسیح سے معافی مانگیں اور اس سے کہیں آپ تمام عمر اسکی پیروی کریں گے۔
3. یسوع مسیح کا شکر ادا کریں کہ اس نے آپکی دعاوں کو سنا اور اس کا جواب دیا ہے۔
4. روزآنہ بائبل مقدس کا مطالعہ کریں۔ خُدا کی کہانی ۔
5. کسی ایک کو جو یسوع مسیح سے پیار کرتا ہے بتائیں کہ آپ نے کیا کیا ہے اور ان لوگوں سے ملنا شروع کریں جو یسوع سے پیار کرتے ہیں۔



گاسپل یوتھ مشن اور سچائی ریڈیو نیٹ ورک کی جانب سے آپکے لئے سچائی ریڈیو ایپ اس سائٹ سے حاصل کریں : http://sachairadio.com